**30.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آسام میں ایک ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ وزیرِ داخلہ نے کہا کہ بھارت - یوروپی یونین تجارتی سمجھوتے سے آسام کی چائے کی یوروپ برآمد کو فروغ ملے گا۔

☆ بھارتی ریلویز نے اپنے نیٹ ورک کے 472 کلومیٹر کے تین سیکشنوں میں Kavach 4.0 کی شروعات کی ہے۔

☆ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ India AI Impact Summit کو دنیا بھر میں زبردست پذیرائی ملی ہے۔

☆ کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت - یوروپی یونین آزادانہ تجارتی معاہدہ، عالمی GDP کے 25 فیصد حصے پر اثر انداز ہوگا۔

☆ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے Kevin Warsh کو اگلے فیڈرل ریزرو چیئرمین کے طور پر نامزد کیا ہے۔

☆ اور خواتین کے Womens پریمئر لیگ کرکٹ میں، گجرات جائنٹس اور ممبئی انڈینس کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔ یہ میچ گجرات کے وڈودرا انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**REV Amit Shah Assam Visit**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج آسام کے ڈبروگڑھ میں ایک ہزار 715 کروڑ روپے کی مالیت کے مختلف ترقیات پروجیکٹوں کا آغاز کیا، جس میں دوسرا لیجسلیٹو اسمبلی کامپلیکس کی تعمیر بھی شامل ہے۔ ڈبروگڑھ میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے سے یوروپی ممالک میں آسام کی چائے کی برآمداد کو فروغ ملے گا۔ انھوں نے کہا کہ مرکز نے آسام کو سیلاب سے نجات دلانے کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں۔ انھوں نے آئندہ اسمبلی انتخابات میں آسام کی ترقی، امن، سکیورٹی، صنعت اور سیلاب سے نجات دلانے کے لئے ووٹروں سے بی جے پی کے حق میں ووٹ دینے کی اپیل کی۔

**S/B AMIT SHAH TEA**

آسام کو نظر انداز کرنے کے لئے سابقہ کانگریس حکومت کی نکتہ چینی کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ کانگریس نے اپنی ووٹ بینک سیاست کیلئے دراندازی کو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت ریاست کی ترقی کیلئے بنیادی ڈھانچے کے متعدد پروجیکٹ شروع کر رہی ہے۔انھوں نے کہا کہ اس سے پہلے آسام کو تشدد اور انتشار کیلئے جانا جاتا تھا لیکن بی جے پی حکومت کے تحت ریاست کو امن اور ترقی کیلئے جانا جاتا ہے۔

جناب شاہ آسام کے اپنے دو روزہ دورے پر ہے۔ انھون نے آج دوپہر دھیمہ جی ضلع میں **Takam Mising Porin Kebang Youth Festival** میں بطور چیف گیسٹ شرکت کی۔ اس موقع پر آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما اور بندرگاہوں، جہازرانی آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال بھی موجود تھے۔

دسویں **Mising Youth Festival** سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے ان کی ثقافت اور قدرت کی تحفظ کی سمت میں ان کے کاموں کی ستائش کی۔ وزیر داخلہ نے بتایا کہ اس برادری کے نوجوانوں کیلئے بہت جلد خصوصی بھرتی مہم شروع کی جائے گی۔×

**Kavach 4.0 Commissioning**

بھارتی ریلویز نے ریل سیفٹی کو مستحکم کرنے میں اہم سنگِ میل عبور کرتے ہوئے، آج اپنے نیٹ ورک کے **472** کلومیٹر کے تین نئے سیکشنوں میں **Kavach 4.0** کی شروعات کی ہے۔ اِن سیکشنوں میں مغربی ریلوے کا **344** کلومیٹر طویل وڈودرا - وِرار سیکشن، شمالی ریلوے کا **35** کلومیٹر طویل تغلق آباد جنکشن **Cabin** - پلوَل سیکشن اور مشرقی وسطی ریلوے کا **93** اعشاریہ تین کلومیٹر طویل مان پور - **Sarmatanr** سیکشن شامل ہے۔ یہ شروعات کسی ایک دن اور کسی ایک مہینے میں **472** کلومیٹر ریل روٹ پر **Kavach** کی شروعات کا پہلا موقع ہے۔ اِس شمولیت کے بعد بھارتی ریلویز کے پانچ روٹس کے مجموعی طور پر ایک ہزار **300** روٹ کلومیٹر پر **Kavach 4.0** فعال ہوگیا ہے۔

ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ اِس شروعات کے ساتھ بھارتی ریلویز، ٹرینوں کی حفاظت، کام کاج کے دوران سیفٹی اور زیادہ آمد و رفت والے روٹس کو قابلِ اعتبار بنائے رکھنے کیلئے سودیشی بناوٹ کے **Kavach** نظام نصب کئے جانے کی رفتار میں اضافہ جاری رکھے گی۔ **x**

**Rev Ashwini AI Summit**

انڈیا - **AI Impact Summit 2026** اِس سال **16** سے **20** فروری کے دوران نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ہوگا۔ یہ چوٹی کانفرنس، عالمی خطۂ جنوب کی میزبانی میں ہونے والی پہلی عالمی **AI** کانفرنس ہوگی۔ اِس چوٹی کانفرنس کا مقصد مصنوعی ذہانت کو عالمی سطح پر جمہوری طرز پر ڈھالنا اور **AI** خلاء کو پُر کرنا ہے۔ ساتھ ہی اِس کے ذریعے دیسی اور مقامی **AI** حل کی ترقی میں مدد کرنا بھی ہے۔ **Summit** کے دوران صحت دیکھ بھال، زراعت اور حکمرانی سمیت ترقی پذیر دنیا کی ضرورتوں کے مطابق **AI** حکمرانی اور اختراع کے ماڈلز اور عالمی پیمانوں کو ترتیب دینے پر بھی توجہ مرکوز کی جائے گی۔

نئی دلّی میں آج ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر

اشونی ویشنو نے کہا کہ انڈیا AI Impact Summit کو دنیا بھر میں زبردست پذیرائی ملی ہے اور یہ دنیا بھر میں اب تک کا سب سے بڑا AI Summit ہونے جارہا ہے۔

**SB - 2100 Ashwini Vaishnav Cut 1**

جناب ویشنو نے AI ویلیو چین کے صنعتی رہنماؤں، ڈیولپرس اور اختراع کاروں کے ساتھ وزیرِ اعظم نریندر مودی کے حالیہ تبادلۂ خیال کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ IT کمپنیوں نے 200 سے زیادہ مرکوز اور شعبے سے متعلق AI ماڈلز تیار کئے ہیں، جو AI Impact Summit کے دوران لانچ کئے جائیں گے۔

**SB - 2100 - Ashwini Vaishnav Cut 2**

جناب ویشنو نے کہا کہ یہ Summit سات موضوعات پر مبنی ہوگا، جن میں افرادی قوت، سماجی طور پر بااختیار بنانے کیلئے شمولیت، محفوظ اور قابلِ بھروسہ AI ، لچک داری، اختراع، کارکردگی، AI وسائل کو جمہوری طرز پر ڈھالنا اور اقتصادی ترقی اور سماجی بہتری کیلئے AI کا استعمال شامل ہیں۔ x

**Piyush India EU FTA**

کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے آج بھارت-یوروپی یونین آزدانہ تجارتی معاہدے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاہدہ دنیا کی ایک تہائی آبادی کا احاطہ کرتا ہے اور عالمی GDP کے 25 فیصد پر اثر انداز ہوتا ہے۔ گریٹر نوئیڈا میں Accountants کے عالمی فورم سے خطاب کرتے ہوئے، جناب گوئل نے یوروپی بازار کی وسیع تر صلاحیت کو اجاگر کیا۔ جناب گوئل نے کہا کہ یوروپی یونین، سات کھرب ڈالر مالیت کی اشیاء اور تین کھرب ڈالر کی خدمات درآمد کرتی ہے، جو مل کر 10 کھرب ڈالر کے بازار کی نمائندگی کرتے ہیں۔ جناب گوئل نے مزید کہا کہ بھارت کی موجودہ برآمدات، اِس صلاحیت کا محض چھوٹا سا حصہ ہیں۔

انہوں نے زور دیا کہ بھارت کے پاس بے مثال امکانات موجود ہیں، جنہیں حاصل کیا جانا چاہیئے۔ جناب گوئل نے مزید کہا کہ بھارت نے گذشتہ چار سال میں 8 آزادانہ تجارتی معاہدوں پر دستخط کئے ہیں، جو عالمی معیشت کے ساتھ ملک کی مصروفیت میں یکسر تبدیلی کی عکاسی کرتے ہیں۔ x

**MEA - Arab Foreign Ministers**

بھارت - عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ کل نئی دلّی میں منعقد ہوگی۔ اِس میٹنگ کی صدارت بھارت اور متحدہ عرب امارات مشترکہ طور پر کریں گے۔ عرب لیگ رکن ریاستوں کے وزرائے خارجہ اور عرب لیگ سکریٹری جنرل اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ یہ بھارت کی میزبانی والی نئی دلّی میں منعقد کی جارہی پہلی بھارت - عرب وزرائے خارجہ میٹنگ ہوگی۔ میٹنگ میں 22 عرب ممالک حصہ لیں گے، جو 10 سال کے وقفے کے بعد منعقد ہورہی ہے۔ پہلی میٹنگ سال 2016 میں بحرین میں ہوئی تھی، جہاں وزراء نے تعاون کے پانچ ترجیحی موضوعات کی پہچان کی تھی۔ اِن میں معیشت، توانائی، تعلیم، ذرائع ابلاغ اور ثقافت شامل ہیں۔

ہمارے نمائندے نے بتایا کہ بھارت - عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ کے دوران موجودہ تعاون میں اضافے

کی امید ہے۔ اِس کے علاوہ، ساجھیداری میں وسعت کی بھی توقع ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Suparna**

بھارت کے عرب دنیا کے ساتھ دورِ قدیم سے روایتی طور پر قریبی اور دوستانہ تعلقات رہے ہیں۔ تاجر، فلسفی اور سفیر مغربی ایشیا سے بحیرۂ عرب اور زمینی راستوں کو جوڑنے والے عرب جزیرہ نما کا سفر کرتے رہے ہیں اور اِس سے علم اور اشیاء کی منتقلی ہوئی ہے۔ عرب لیگ آج بھارت کے پڑوسی کا درجہ رکھتا ہے۔ عرب ریاستوں کی لیگ کا قیام 22 مارچ 1945 کو قاہرہ میں عمل میں آیا تھا۔ فی الوقت عرب لیگ میں، شمالی افریقہ اور مشرقِ وسطیٰ سے عرب دنیا کی 22 رکن ریاستیں شامل ہیں۔ اِن میں کئی مشاہد ریاستیں بھی ہیں، جن میں آرمینیا، برازیل، یونان، بھارت اور وینیزویلا شامل ہیں۔

عرب ریاستوں کی لیگ کا مقصد اپنے ارکین کے درمیان سیاسی، ثقافتی، معاشی اور سماجی پروگراموں کے ذریعے تال میل کو مضبوط کرنا اور اپنے یا کسی تیسرے فریق کے درمیان تنازعات کے دوران ثالثی کرنا ہے۔

نئی دلّی سے **Suparna Saikia** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...

## Martyr's Day

آج مہاتما گاندھی کو اُن کی 78 ویں برسی اور شہید دِوس پر خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ اس موقعے پر نئی دلّی میں، راج گھاٹ پر واقع گاندھی سمادھی پر **Sarv Dharm Prarthana** کا اہتمام کیا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے راج گھاٹ جا کر مہاتما گاندھی کی سمادھی پر عقیدت کے پھول نذر کیے اور خراجِ عقیدت پیش کیا۔ کئی مرکزی وزیروں نے بھی مہاتما گاندھی کو گلہائے عقیدت نذر کیے۔ ہر سال 30 جنوری کو ملک مہاتما گاندھی کی زندگی اور اُن کی وراثت کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے، جو ملک کی جدوجہدِ آزادی میں پیش پیش تھے۔ یہ دن شہید دِوس کے طور پر بھی منایا جاتا ہے، تاکہ اُن سبھی مجاہدین آزادی اور شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جا سکے، جنہوں نے بھارت کی آزادی اور اتحاد کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کر دیا تھا۔×

**S/B Gandhi Smriti Vaishnaw**

## Tableaux Award

دفاع کے وزیرِ مملکت سنجے سیٹھ نے آج نئی دلی میں یومِ جمہوریہ 2026 کی تقریب میں حصہ لینے والی سب سے بہترین جھانکیوں کو انعامات سے سرفراز کیا۔ مہاراشٹر کی جھانکی گنیش اتسو: آتم نربھر بھارت کی مثال نے سب سے بہتر جھانکی کا ایوارڈ حاصل کیا ہے۔ اس کے بعد، جموں و کشمیر اور کیرالہ کی جھانکی کو دوسرا اور تیسرا مقام حاصل ہوا ہے۔ تینوں سروسز میں بھارتی بحریہ نے سب سے بہتر مارچنگ دستے کا ایوارڈ جیتا ہے، جبکہ دلی پولیس نے مرکزی مسلح پولیس دستے اور دیگر معاون دستوں کے زمرے میں ایوارڈ حاصل کیے ہیں۔×

S/B

**Pragati Special Story**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت باریک نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کرکے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بناکر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔

پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دیا ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز میں ہم شہری ہوا بازی کی وزارت سے متعلق پروجیکٹوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

**V/C - Anand**

*ملک کے شہری ہوابازی کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کیلئے پرگتی ایکو نظام کے تحت 90 ہزار 978 کروڑ روپے کی مجموعی سرمایہ کاری کے ساتھ 38 پروجیکٹوں کی نگرانی کی جارہی ہے۔ اِن میں سے 3 پروجیکٹوں کا پرگتی اسکیم کے تحت وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعے جائزہ لیا جارہا ہے اور سبھی پروجیکٹوں پر عمل آوری شروع کردی گئی ہے۔ اِن پروجیکٹوں میں نوی ممبئی بین الاقوامی ہوائی اڈہ، Pakyong میں نیو گرین فیلڈ ہوائی اڈے کی تعمیر گوا کے، Mopa میں گرین فیلڈ بین الاقوامی ہوائی اڈے کی تعمیر شامل ہے۔ پرگتی کے تحت، جائزے کے دوران ہدایات جاری کی گئیں، جس کے سبب جوابدہی مستحکم ہوئی، بین وزارتی اور ریاستی سطح پر تال میل میں بہتری آئی، روکاوٹیں دور ہوئیں اور اِس کے نتیجے میں عمل آوری کی رفتار تیز ہوئی۔*

*آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں ............*

**Trump FED Governer**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے فیڈرل ریزرو کے سابق گورنر Kevin Warsh کو نامزد کیا ہے، جو موجودہ فیڈرل ریزرو چیئر Jerome Powell کی جگہ لیں گے۔ صدر ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم Truth Social پر ایک پوسٹ میں اِس نامزدگی کا اعلان کیا۔ ٹرمپ نے کہا کہ وہ Kevin Warsh کو فیڈرل ریزرو سسٹم کے بورڈ آف گورنرس کے چیئرمین کے طور پر نامزد کررہے ہیں۔ اپنی پوسٹ میں، ٹرمپ نے Warsh کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ وہ مانتے ہیں کہ Warsh، ایک بہترین Fed چیئرمین ثابت ہوں گے۔

فیڈرل ریزرو کی جانب سے شرح سود جوں کا توں برقرار رکھنے کا ووٹ کئے جانے کے کچھ دنوں بعد یہ اعلان ہوا ہے، جہاں چیئر Jerome Powell نے مرکزی بینک کی آزادی کی اہمیت کا دفاع کیا تھا۔ شرح سود میں کٹوتی نہ کرنے پر ٹرمپ کئی مرتبہ Powel کی نکتہ چینی کرچکے ہیں۔ x

**Israel Gaza Border**

اسرائیل نے آج اعلان کیا کہ وہ ہفتہ کے اختتام تک مصر سے متصل غزہ کی سرحدی کراسنگ کو دونوں طرف سے دوبارہ کھول دے گا، جس سے تقریباً دو سال سے بند اس راستے سے فلسطینی اس علاقے سے گزر سکیں گے۔ غزہ کو امداد رسانی میں تعاون کی اسرائیلی فوجی تنظیم COGAT نے ایک بیان میں آج کہا کہ لوگوں کو محدود آمدورفت کی اجازت ہوگی۔ اسرائیل اور مصر، دونوں ملک اس کراسنگ کے ذریعے آنے جانے والے لوگوں کی جانچ پڑتال کریں گے، جو یوروپی یونین سرحدی گشتی ایجنٹوں کی نگرانی میں کی جائیں گی۔ جنگ کے دوران، غزہ چھوڑ کر جانے والے فلسطینیوں کو اسرائیل سے سیکورٹی کلیئرنس ملنے کے بعد واپس آنے کی اجازت ہوگی۔ اسرائیل نے کراسنگ کھولے جانے کی مخالفت کی تھی، لیکن پیر کو غزہ میں آخری یرغمال کے باقیات سونپے جانے کے بعد کراسنگ کھولے جانے کے سمت میں پیشرفت ہوئی ہے۔×

**WB- NAZIRABAD**

مغربی بنگال میں، Baruipur سب ڈیویژنل کورٹ نے آج جنوبی 24 پرگنا ضلع کے نریندر پور علاقے کے نظیرآباد میں wow Momo Godown کے منیجر اور ڈپٹی منیجر کو چھ دن کی پولیس تحویل میں بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ جہاں آگ لگنے کے ایک حادثے میں 25 ملازمین کی موت ہوگئی تھی اور27 ابھی بھی لاپتہ ہیں۔ منیجر اور ڈپٹی میجر کو کل گرفتار کر لیا گیا تھا۔×

**J&K Terror Operation**

جموں و کشمیر میں آج سیکیورٹی فورسیز نے کشتواڑ ضلعے کے برفانی علاقے چھترو میں دہشت گرد مخالف جاری کارروائیوں میں مزید تیزی آگئی ہے تاکہ جیش محمد گروپ کے چھپے ہوئے تین دہشت گردوں کا پتہ لگاکر اُن کا صفایا کیا جا سکے ۔

علاقے میں یہ کارروائی، اس ماہ کی 18 تاریخ کو شروع کی گئی تھی۔ اس کے بعد منڈرال-سنگھ پورہ کے نزدیک Sonnar جنگل میں شدید گولی باری شروع ہوگئی، جس کے نتیجے میں ایک نیم فوجی اہلکار ہلاک ہوگیا اور دیگر 7 سپاہی زخمی ہوئے۔ 22 جنوری کو Mali Dana چوٹی پر اور 25 جنوری کو Janseer-Kandiwar میں فوج اور دہشت گردوں کے درمیان، دو مزید جھڑپیں ہوئیں۔ البتہ دہشت گرد ایک بار پھر گھنے جنگلاتی علاقے میں فرار ہوگئے۔

ملک مخالف عناصر کے ذریعے جاری کارروائی کے دوران انٹرنیٹ کے غلط استعمال سے بچنے کیلئے سنگھ پورا، چھنگام اور چھترو سمیت چھ کیلومیٹر دائرے تک موبائل انٹرنیٹ خدمات عارضی طور پر معطل کردی گئی ہیں۔ اس علاقے میں یہ کارروائی اس ماہ کی اٹھارہ تاریخ کو شروع ہوئی ہے۔ مندرال سنگھ پورا کے قریب سونار جنگل میں شدید گولی باری ہوئی تھی جس میں ایک چھاتہ بردار فوجی ہلاک اور سات فوجی زخمی ہوگئے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆